دینی معلومات پر مبنی عوام و خواص کے لئے ایک بہترین کتاب
فتاویٰ حدیثیہ
تصنیف
شیخ الاسلام احمد بن محمد بن علی بن حجر الہیتمی الشافعی رحمۃ اللہ علیہ
متوفی ۹۷۴ھ
ترجمہ
مفتی شیخ فرید مدظلہ العالی
ڈپٹی ڈائرکٹر نظامت امور دینیہ آزاد کشمیر
مکتبہ اعلیٰ حضرت

دینی معلومات پر مبنی عوام و خواص کے لئے
ایک بہترین کتاب

فتاویٰ حدیثیہ

تصنیف

شیخ الاسلام احمد بن محمد بن علی بن حجر الہیتمی الشافعی رحمۃ اللہ علیہ
متوفی ۹۷۴ھ

ترجمہ

مفتی شیخ فرید مدظلہ العالی
ڈپٹی ڈائریکٹر نظامت امور دینیہ آزاد کشمیر

مکتبہ اعلیٰ حضرت
داتا دربار مارکیٹ، لاہور
042-37247301
0300-8842540

Marfat.com

﴿جملہ حقوق محفوظ ہیں﴾

نام کتاب	....	الفتاوی الحدیثیہ
تالیف	....	شیخ الاسلام احمد بن محمد بن علی بن حجر الہیتمی المکی
مترجم	....	علامہ شیخ فرید عفی عنہ، (مظفر آباد، آزاد کشمیر)
تصحیح وتخریج	....	علامہ مفتی محمد ہاشم، ڈائریکٹر اسلامک ریسرچ سنٹر کراچی
کاوش	....	ابوحنظلہ محمد اجمل قادری
تعداد	....	1100
صفحات	....	891
قیمت	....	1000 روپے
تاریخ اشاعت	....	فروری 2017ء / جمادی الاول ۱۴۳۸ھ
ناشر	....	مکتبہ اعلیٰ حضرت، دربار مارکیٹ لاہور

0300-0315- 8842540   04237247301

نوٹ......اس کتاب کی پروف ریڈنگ میں کافی احتیاط سے کام لیا گیا ہے تاہم بشری تقاضا کے مطابق کوئی غلطی قارئین کو نظر آئے تو ادارہ کو مطلع فرمائیں تا کہ تصحیح کی جا سکے۔ (ادارہ)

ملنے کے پتے

☆......ضیاء القرآن، لاہور و کراچی ☆......شبیر برادرز، لاہور

☆......میلاد پبلی کیشنز دربار مارکیٹ لاہور ☆......مکتبہ اہل سنت جامعہ نظامیہ رضویہ لوہاری گیٹ لاہور۔

☆......مکتبہ علامہ فضل حق خیرآبادی دربار مارکیٹ لاہور

☆......نظامیہ کتاب گھر زبیدہ سنٹر اردو بازار لاہور

☆......مکتبہ اہل سنت مکہ سنٹر لوئر مال روڈ نزد تھانہ لوئر مال لاہور

Marfat.com

میں سب سے زیادہ عبادت کرنے والا، ان میں سب سے زیادہ کثرت کے ساتھ تلاوت کرنے والا ہے۔

اور فرمایا:

اَفْضَلُ الْعِبَادَةِ تِلَاوَةُ الْقُرْآنِ. افضل عبادت قرآن کریم کی تلاوت ہے۔

(حلیۃ الاولیاء، سفیان ثوری، ج:7 ص:68 مطبوعہ: ایضا)

اور فرمایا:

اَفْضَلُ عِبَادَةِ اُمَّتِیْ تِلَاوَةُ الْقُرْآنِ. میری امت کی افضل عبادت قرآن کریم کی تلاوت ہے۔

اور امام طبرانی رحمہ اللہ نے "معجم الاوسط" میں روایت کیا ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ:

اَلْقُرْآنُ اَلْفُ اَلْفِ حَرْفٍ وَّخَمْسَةٌ وَّعِشْرُوْنَ اَلْفِ حَرْفٍ فَمَنْ قَرَأَ صَابِرًا مُحْتَسِبًا كَانَ لَهُ بِكُلِّ حَرْفٍ زَوْجَةٌ مِّنَ الْحُوْرِ الْعِيْنِ.

(المعجم الاوسط، باب المیم من اسمہ: محمد، رقم الحدیث: 6616، ج:6 ص:361 مطبوعہ: دار الحرمین، القاہرہ)

قرآن کریم ایک لاکھ پچیس ہزار حروف پر مشتمل ہے پس جو شخص صبر اور ثواب کی نیت سے اس کی تلاوت کرے گا تو اسے ہر حرف کی بدلے حور عین (جنت کی حوروں میں) سے ایک حور ملے گی)

النحاس، السجزی، اور الخطیب رحمہم اللہ نے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

اِقْرَءُوا الْقُرْآنَ فَاِنَّكُمْ تُؤْجَرُوْنَ عَلَيْهِ اِمَّا اِنِّیْ لَا اَقُوْلُ آلٓمٓ حَرْفٌ بَلْ اَلِفٌ عَشَرٌ وَلَامٌ عَشَرٌ وَمِيْمٌ عَشَرٌ فَتِلْكَ ثَلَاثُوْنَ. (رواہ الترمذی والحاکم وغیرھما)

(المعجم الکبیر للطبرانی، باب العین رقم الحدیث: 8648، ج:9 ص:130 مطبوعہ: ایضا)

قرآن کریم کی تلاوت کرو کہ تمہیں اس پر اجر دیا جائے گا۔ میں نہیں کہتا کہ الم ایک حرف ہے بلکہ الف کے بدلے دس اور لام کے بدلے دس اور میم کے بدلے دس نیکیاں ہیں، پس یہ تیس نیکیاں ہیں۔

امام ابوداؤد و ترمذی رحمہما اللہ نے روایت کیا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

اَحَبُّ الْعَمَلِ اِلَى اللّٰهِ الْحَالُ الْمُرْتَحِلُ الَّذِیْ يَضْرِبُ مِنْ اَوَّلِ الْقُرْآنِ اِلٰى آخِرِهٖ وَمِنْ آخِرِهٖ اِلٰى اَوَّلِهٖ كُلَّمَا حَلَّ ارْتَحَلَ.

(سنن الترمذی، ابواب القراءت، باب 13، رقم الحدیث: 2948، ج:5 ص:48 مطبوعہ: ایضا)

اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے پسندیدہ عمل کرنے والے وہ ہیں جو اترنے والا کوچ کرنے والا ہے یہ وہ شخص ہے جو قرآن کریم کے اول کا آخر تک سفر کرتا ہے اور پھر آخر سے اول کی طرف

Marfat.com